2.5.2. رکھوائے گئے عطیات بکسز کا ریکارڈ ERP سافٹ ویئر میں اندراج کرنا اور اپڈیٹ رکھنا۔

2.5.3. ایسے بکسز جو کھل نہیں رہے اِن کو بروقت کھلوانے کے حوالے سے شعبہ ڈونیشن بکس سے فالواپ کرنا۔

2.5.4. عطیات بکس ٹوٹنے کی صورت میں مرمت کروانا اور گم یا چوری ہو جانے کی صورت میں متبادل عطیات بکس رکھوانا۔

### 2.6. لوہے والے بکس(IronBox):

2.6.1. مدارس المدینہ کے قریب لوہے کے بکسز(Iron Box) لگوانا اور ہر ماہ بکسز کھولنا۔

2.6.2. لوہے کے بکسز کی حفاظت کے لئے اقدامات کرنا۔

### 2.7. بکسز رکھوانے کی احتیاطیں:

2.7.1. عطیات بکسز بالخصوص بڑے بکس ایسی جگہ رکھنا جہاں پر آندھی اور بارش وغیرہ سے محفوظ رہیں۔

2.7.2. بکسز ایسے مقامات پر رکھنا جہاں عطیات چوری ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔

2.7.3. خصوصی بکس یا لوہے کے بکس ایسے مقامات پر نہ لگائے جائیں جہاں گزرنے والوں کو مشکل کا سامنا ہو۔

### 2.8. گھریلو صدقہ بکس:

2.8.1. عاشقان رسول کے گھروں میں گھریلو صدقہ بکس رکھوانا اور ہر ماہ مدنی عطیات بکسز کھلوانا۔

2.8.2. رکھوائے گئے گھریلو صدقہ بکسز کی **"گھریلو صدقہ بکس موبائل اپلی کیشن"** میں رجسٹریشن کروانا

2.8.3. جن گھروں کے گھریلو صدقہ بکس سے عطیات موصول نہیں ہوتے ان سے بذریعہ کال، میسج یا بالمشافہ ملاقات کرنا اور عطیات جمع کروانے کا ذہن دینا۔

2.8.4. گھریلو صدقہ بکس ٹوٹ جانے کی صورت میں اس کی تبدیلی(Change) کروانا اور گم ہو جانے کی صورت میں نئے بکسز رکھوانا۔

**نوٹ:** گھریلو صدقہ بکس میں صرف صدقاتِ نافلہ ہی ڈالے جائیں۔

### 2.9. ایونٹس:

2.9.1. شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے ٹیلی تھون، رمضان عطیات و دیگر مواقع(Events) پر عطیات جمع کرنے کی بھرپور کوشش(Extremely Efforts) کرنا۔

2.9.2. مختلف اقسام کے اناج (گندم، چاول، مکئی، دالیں، مونگ پھلی، کپاس، چنا، مکئی، گنا وغیرہ) ، سبزیوں (Vegetables) (آلو، پیاز، ٹماٹر، مرچ وغیرہ) اور پھلوں (Fruits) (کھجور، آم، کیلا، مالٹا وغیرہ) کا عشر جمع کرنا۔

2.9.3. مختلف علاقوں میں جانوروں (گائے، بھینس، بکریوں وغیرہ) کی معلومات(Information) لینا اور صاحبِ نصاب افراد سے بطور صدقہ نافلہ/واجبہ (زکوۃ کے جانور) وصول کرنا۔

2.9.4. بڑی راتوں کے اجتماعات، دستارِ فضیلت و دیگر شعبہ جات کے اجتماعات میں بااثر افراد کی شرکت(Participate) کروانا نیز ممکنہ صورت میں (جہاں اراکین شوریٰ کی شرکت ہو) بااثر افراد کی اراکینِ شوریٰ سے ملاقات کروانا۔

### 2.10. متفرق نکات:

2.10.1. بااثر افراد سے ملاقات کرنے والے ذمہ داران کا لباس صاف ستھرا(Neat & Clean) اور خوشبودار(Fragrant) ہو۔

2.10.2. ملاقات کے دوران اندازِ گفتگو مناسب ہو، آواز زیادہ اونچی نہ ہو اور اتنی آہستہ بھی نہ ہو کہ مخاطب کو سمجھنے میں مشکل(Difficult) ہو۔

2.10.3. نیکی کی دعوت آسان سے آسان الفاظ میں دیں۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)

